بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلدِّیۡنُ کُلُّہٗ اَدَبٌ (الحدیث)

دین سراسر ادب کا نام ہے۔

# پیارے نبی ﷺ کی پیاری احادیث اور پیاری دعائیں


| | |
|---|---|
| مرتب | قاری عبدالرشید اعوان<br>قاری محمد ضیاء الرحمن |
| نظرِثانی | قاری محمد ضیاء الرحمن محمد ساجد |
| کمپوزنگ | ضیاء گرافکس 0324-4429099 0349-3500066 |

## فرائضِ غسل:

غسل میں بعض چیزیں فرض ہیں ان کے بغیر غسل درست نہیں ہوتا غسل میں صرف تین چیزیں فرض ہیں۔

1۔ کلی کرنا (اسطرح کہ سارے منہ میں پانی پہنچ جائے)۔
2۔ ناک میں پانی ڈالنا (جہاں تک نرم ہے)۔
3۔ سارے بدن پر پانی پہنچانا (جسم کا کوئی حصہ خشک نہ رہے)۔

## فرائض وضو:

فضومیں بعض چیزیں فرض ہیں ان میں سے ایک بھی چھوٹ جائے یا کچھ کمی رہ جائے تو وضونہیں ہوتا۔

وضومیں چار چیزیں فرض ہیں:

1۔ ایک مرتبہ سارا منہ دھونا۔
2۔ ایک بار کہنیوں سمیت دونوں بازوں دھونا۔
3۔ ایک بار چھوتھائی سر کا مسح کرنا۔
4۔ ایک مرتبہ ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں دھونا۔

## فرائض نماز:

نماز کے تیرہ فرض ہیں جن میں سے چند ایسے ہیں جن کا نماز سے پہلے ہونا ضروری ہے۔ اوران کو نماز کی شرائط بھی کہا جاتا ہے اور چند فرائض ایسے ہیں جو داخل نماز ہیں۔

1۔ بدن کا پاک ہونا۔
2۔ کپڑوں کا پاک ہونا
3۔ ستر کا چھپا ہوا ہونا۔
4۔ نماز کی جگہ کا پاک ہونا
5۔ نماز کا وقت ہونا
6۔ قبلہ کی طرف رخ کرنا
7۔ نماز کی نیت کرنا
8۔ تکبیر تحریمہ کہنا
9۔ قیام کرنا
10۔ قرأت کرنا
11۔ رکوع کرنا
12۔ سجدہ کرنا
13۔ قعدہ آخیرہ میں (تشہد کی مقدار بیٹھنا)۔

**1**

1 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ

آپ ﷺ نے ارشادفرمایا اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ (بخاری و مسلم)

2 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ۔

آپ ﷺ نے ارشادفرمایا صفائی نصف ایمان ہے۔ (مسلم شریف)

3 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَفْشُو السَّلَامَ۔

آپ ﷺ نے ارشادفرمایا سلام کو عام کرو۔

4 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَغْضَبْ۔

آپ ﷺ نے ارشادفرمایا غصہ مت کیا کرو۔

5 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ۔

آپ ﷺ نے ارشادفرمایا روزہ ڈھال ہے۔

6 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ۔

آپ ﷺ نے ارشادفرمایا مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ (مسلم شریف)

7 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلصَّلٰوةُ عِمَادُ الدِّیْنِ

آپ ﷺ نے ارشادفرمایا نماز دین کا ستون ہے۔

8 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلصَّلٰوةُ نُوْرٌ

آپ ﷺ نے ارشادفرمایا نماز روشنی ہے۔

9 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ (بخاری و مسلم)

آپ ﷺ نے ارشادفرمایا رشتہ توڑنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

2

10 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَتَّاتٌ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا چغل خور آدمی جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

11 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اَلْحَیَاءُ شُعْبَۃٌ مِّنَ الْاِیْمَانِ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا حیا ایمان کا حصّہ ہے۔

12 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالْخَوَاتِیْمِ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔

13 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ مِفْتَاحُ الْجَنَّۃِ الصَّلٰوۃُ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا نماز جنت کی کنجی ہے۔

14 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اَلصَّبْرُ ضِیَاءٌ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا صبر روشنی ہے۔

15 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اَلصَّدَقَۃُ بُرْھَانٌ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا صدقہ دلیل ہے۔

16 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کامل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

17 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سے بہتر شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔

18 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اَلْجَنَّۃُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّھَاتِ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا جنت ماؤں کے قدموں تلے ہے۔

19 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یَّنْفَعُ النَّاسَ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سے بہتر شخص وہ ہے جو دوسروں کے لیے نفع بخش ہو۔

20 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ لَا دِیْنَ لِمَنْ لَّا اَمَانَتَ لَهٗ

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اس شخص کا کوئی دین نہیں جو امانت میں خیانت کرے۔

21 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ لَا دِیْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهٗ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اس شخص کا کوئی دین نہیں جو وعدہ خلافی کرے۔

22 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ اَلْکَاسِبُ حَبِیْبُ اللّٰهِ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا محنت سے کمانے والا اللہ کا دوست ہے۔

23 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ اِتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا مظلوم کی بد دعا سے بچو۔

24 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ کُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہر بدعت گمراہی ہے۔

25 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ اَلرَّاشِیْ وَالْمُرْتَشِیْ کِلَاهُمَا فِی النَّارِ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا رشوت دینے والا اور رشوت لینے والا دونوں جہنمی ہیں۔

26 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَهٗ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسے اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔

27 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْکَافِرِ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا دنیا مومن کے لیے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہے۔

28 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَۃِ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا دُعا عبادت کا مغز ہے۔

29 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اَلدُّنْیَا مَزْرَعَۃُ الْاٰخِرَۃِ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

30 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ مَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے میانہ روی اختیار کی وہ محتاج نہیں ہوگا۔

31 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

32 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَاءِ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا علماء انبیاء کے وارث ہیں۔

33 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اَلصِّدْقُ یُنْجِیْ وَ الْکِذْبُ یُہْلِکُ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا سچائی نجات دیتی ہے جبکہ جھوٹ ہلاک کرتا ہے۔

34 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَلَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا وہ ہم میں سے نہیں جو چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور بڑوں کی عزت نہ کرے۔

35 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّۃً فَتَحَ اللّٰہُ لَہٗ بَابًا مِّنَ الْعَافِیَۃِ

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو مجھ پر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے گا اللہ اس کے لیے عافیت کا دروازہ کھول دے گا

36 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا مجھے معلّم بنا کر بھیجا گیا ہے۔

37 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا کُلُّکُمْ رَاعٍ وَ کُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِیَّتِہٖ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سے ہر شخص نگہبان ہے اس سے اسکی رعایا کے بارے میں سوال ہوگا۔

38 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنتَ وَمَا لُكَ لِاَبِیْكَ

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے۔

39 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَشَدُّ الْعَذَابِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ الْمُصَوِّرُوْنَ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا قیامت کے دن سب سے سخت عذاب تصویر بنانے والے کو ہوگا۔

40 قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ اَلدُّعَاءُ مُخُّ الۡعِبَادَۃ۔ (الحدیث)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دعا عبادت کا مغز ہے۔

# دعائیں

1: کھانا کھانے کی دعا۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ

2: کھانا کھانے کے درمیان کی دُعا۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ

3: کھانا کھانے کے بعد کی دُعا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

4: کسی کے ہاں دعوت کھانے کے دعا۔

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ

5: سونے کی دعا۔

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیَا

6: سوکر اٹھنے کی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ

7: بیت الخلاء جانے کی دعا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

8: بیت الخلاء سے نکلنے کے دعا۔

غُفْرَانَکَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ

9: وضو شروع کرنے کی دعا۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ

10: وضو کے درمیان کی دعا۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ

11: وضو کے بعد کی دعا۔

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ.

12: گھر سے نکلنے کی دعا۔

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

13: گھر میں داخل ہونے کی دعا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَ بِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا

14: اذان کے بعد کی دعا۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَ الصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَ الْفَضِیْلَۃَ وَبْعَثْہُ مَقَامً مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔

15: مسجد میں داخل ہونے کی۔

اَللّٰھُمَّ فْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

16: مسجد سے نکلنے کی دعا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ

17: بازار میں جانے کی دعا۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

18: سفر کا ارادہ کرے تو۔

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصُوْلُ وَبِكَ اَحُوْلُ وَبِكَ اَسِيْرُ

19: سواری کی دعا۔

سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ (مشکوٰۃ)

20: سفر سے واپسی کی دعا۔

اَوْبًا اَوْبًا لِرَبِّنَا تَوْبًا لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا۔

21: کپڑے پہننے کی دعا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَا اُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيَاتِيْ

22: کپڑے اتارنے کی دعا۔

بِسْمِ اللّٰہِ

23: آئینہ دیکھنے کی دعا۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ

24: دودھ پینے کی دعا۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ

25: پھل کھانے کی دعا۔

اللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ ثَمَرِنَا۔

26: پانی پینے کی دعا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

27: ہر نیک کام شروع کرنے سے پہلے کی دعا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

28: پانی پینے کے بعد کی دعا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

29: سیڑھیاں چڑھنے اور اترنے کی دعا۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، سُبْحَانَ اللّٰہِ

30: کسی اچھی چیز کو دیکھنے کی دعا۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ ، مَا شَاءَ اللّٰہ

31: غصہ کے وقت کی دعا۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

32: قرآن مجید شروع کرنے کی دعا۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

33: علم میں اضافے کی دعا۔

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

34: صبح وشام پڑھنے کی دعا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

35: والدین کے حق میں دعا۔

رَبِّ ارْحَمْهُمَا کَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا

36: مصیبت زدہ کو دیکھ کر یہ پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا

37: مریض کی عیادت کی دعا۔

لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ

38: مجلس سے اٹھنے کی دعا۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ

39: مصیبت کے وقت کی دعا۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

40: قبرستان جانے کی دعا۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَ لَکُمْ وَ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَ نَحْنُ بِالْاَثَرِ

41: میت کو قبر میں اتارنے کی دعا۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ

42: قبر پر مٹی اور ڈالنے کی دعا۔

مِنْھَا خَلَقْنٰکُمْ وَ فِیْھَا نُعِیْدُ کُمْ وَ مِنْھَا نُخْرِ جُکُمْ تَارَۃً اُخْرٰی

43: چھینک کے وقت اور اسکے جواب میں پڑھنے کی دعا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ، یَرْحَمُكَ اللّٰہُ

44: روزہ رکھنے کی دعا۔

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَیْتُ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ

**45: روزہ کھولنے کی دعا۔**

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

**46: دشمن سے حفاظت کی دعا۔**

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

**47: چاند دیکھنے کی دعا۔**

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ

**48: دنیا آخرت کی بھلائی کی دعا۔**

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

**49:** فرض نماز کے بعد کی دعا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحۡمَانُ الرَّحِیۡمَ

اَللّٰھُمَّ اَذۡھَبۡ عَنِّیۡ الۡھَمَّ وَالۡحُزۡنَ

**50:** گدھے کی آواز سنے تو یہ دعا پڑھیں۔

اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمَ

**وَاللّٰہُ اَعۡلَمُ بِالصَّوَاب**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# فضائل چہل احادیث:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص میری امت کے فائدے کے واسطے دین کے کام کی چالیس احادیث سنائیگا اور حفظ کریگا اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن عالموں اور شہیدوں کی جماعت میں اٹھائے گا اور اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ جس دروازے سے چاہو جنت میں داخل ہو جاؤ۔

## تعدادِ رکعات نماز

| کل رکعتیں | نفل | واجب | سنت مؤکدہ | فرض | سنت غیر مؤکدہ | سنت مؤکدہ | نام |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 4 | | | | 2 | | 2 | فجر |
| 12 | 2 | | 2 | 4 | | 4 | ظہر |
| 8 | | | | 4 | 4 | | عصر |
| 7 | 2 | | 2 | 3 | | | مغرب |
| 17 | 2+2 | 3 وتر | 2 | 4 | 4 | | عشاء |
| 14 | 2 | | 2+4 | 2 | | 4 | جمعۃ المبارک |

## ازواجِ مطہرات　　امہات المؤمنین

| | | |
|---|---|---|
| سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رض | سیدہ ام حبیبہ رض | سیدہ عائشہ صدیقہ رض |
| سیدہ میمونہ رض | سدیہ صفیہ رض | سیدہ جویریہ رض |
| سیدہ سودہ رض | سیدہ ام سلمہ رض | سیدہ زینب بنت خزیمہ رض |
| سیدہ زینب بنت جحش رض | سیدہ حفصہ رض | |

| بیٹے | بیٹیاں |
|---|---|
| حضرت قاسم رضی اللہ عنہ | حضرت زینب رض |
| حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ | حضرت رقیہ رض |
| حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ | حضرت ام کلثوم رض |
| حضرت طاہر رضی اللہ عنہ | حضرت فاطمۃ الزہرا رض |

| خلفاءراشدین | مدت خلافت |
|---|---|
| حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | 2 سال 3 ماہ 19 دن |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ | 10 سال 11 ماہ 4 دن |
| حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ | 11 سال 11 ماہ 12 دن |
| حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | 4 سال 9 ماہ 23 دن |